
# خلاصہ تراویح

بچوں اور بڑوں سب ہی کے لیے

پارہ 17

اپریل 2022



از: ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بدایونی




صدارتی ایوارڈ یافتہ ادیب ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بدایونی کی بچوں کے لیے لکھی گئی دلچسپ کہانیاں،

منگوانے کے لیے رابطہ کیجیے 03082462723* فہیم بھائی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سعد بھائی! آج 17 واں پارہ شروع ہو رہا ہے، آپ نے اس کے اہم نکات کیا نوٹ کیے ہیں؟ سعدیہ نے پوچھا۔

17 ویں پارے کی ابتداء میں چند نکات میں نے نوٹ کیے۔

**احتساب کا دن:** حساب کا دن قریب آ پہنچا ہے لیکن لوگ غفلت میں ہے جب اُن کے رب کے پاس سے کوئی نئی نصیحت آتی ہے تو اُسے نہیں سنتے مگر کھیلتے ہوئے۔ ان کے دل کھیل میں پڑے ہوئے ہیں۔

**مزاجِ کفار:** کفار انبیاء کرام کو اپنی طرح ہی کا بشر قرار دیتے ہیں۔ جب کہ نبی بے مثل و بے مثال بشر ہوتے ہیں۔ قرآن کو جادو، خواب پریشاں اور شاعری کہتے ہیں۔

**قرآن معجزہ رسول ﷺ:** کفار کے معجزات کے حوالے سے مطالبات پر فرمایا گیا قرآن تو تا قیامت قائم رہنے والا معجزہ ہے۔

**اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے دلائل:**

(1) زمین و آسمان ملے ہوئے تھے، ہم نے ان کو جدا جدا کیا

(2) ہر جاندار چیز کو پانی سے بنایا ہے

(3) زمین پر پہاڑ بنائے جس سے وہ ساکن ہے

(4) زمین میں کشادہ راستے بنائے تاکہ سفر کرنے میں دشواری نہ ہو

(5) آسمان کو محفوظ چھت بنایا

(6) رات اور دن کو اللہ نے بنایا، سورج، چاند اور ستارے اللہ نے بنائے جو آسمان میں

تیر رہے ہیں۔

**آزمائش:** یہ دنیا آزمائش ہے: ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے اور ہم تمہاری آزمائش کرتے ہیں بُرائی اور بھلائی سے جانچنے کو اور ہماری ہی طرف تمہیں لوٹ کر آنا ہے۔

**عدل کا ترازو:** فرمایا:" اور ہم قیامت کے دن عدل کے ترازو رکھیں گے تو کسی جان پر کچھ ظلم نہ ہوگا اور اگر کوئی چیز رائی کے دانے کے برابر بھی ہوگی تو ہم اسے لے آئیں گے اور ہم حساب کرنے کیلئے کافی ہیں"

**رسالت کا تذکرہ:** رسالت کے ضمن میں سترہ انبیائے کرام علیہم السلام کا ذکر ہے:

(۱) حضرت موسیٰ علیہ السلام، (۲) حضرت ہارون علیہ السلام (۳) حضرت ابراہیم علیہ السلام، (۴) حضرت لوط علیہ السلام، (۵) حضرت اسحاق علیہ السلام، (۶) حضرت یعقوب علیہ السلام، (۷) حضرت نوح علیہ السلام، (۸) حضرت داوٗد علیہ السلام، (۹) حضرت سلیمان علیہ السلام، (۱۰) حضرت ایوب علیہ السلام، (۱۱) حضرت اسماعیل علیہ السلام، (۱۲) حضرت ادریس علیہ السلام، (۱۳) حضرت ذی الکفل علیہ السلام، (۱۴) حضرت یونس علیہ السلام، (۱۵) حضرت زکریا علیہ السلام، (۱۶) حضرت یحییٰ علیہ السلام اور (۱۷) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

**بت شکن:** سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے اعلان توحید اور بت شکنی کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا۔

**صاحبِ ایمان والے کے عمل کی قدر:** تو جو نیک اعمال کرے اور وہ ایمان والا ہو تو اس کی کوشش کی بے قدری نہیں ہوگی اور ہم اسے لکھنے والے ہیں۔

سیدہ مریم رضی اللہ عنہا: سیدہ مریم کے مصائب و مشکلات اور ان کے صبر و برداشت اور پھر ان کی کامیابی کا تذکرہ بڑے موثر انداز میں بیان ہوا۔

یاجوج وماجوج: حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ (۹۶)
یہاں تک کہ جب کھولے جائیں گے یاجوج وماجوج اور وہ ہر بلندی سے ڈھلکتے ہوں گے

قیامت کے دن کفار کا حال: جب قیامت قائم ہو گی تو کفار آنکھیں پھٹ کر رہ جائیں گی اور کافر کہیں گے ہائے ہماری خرابی بیشک ہم اس سے غفلت میں تھے بلکہ ہم ظالم تھے

رحمۃ اللعالمین ﷺ: نبی کریم ﷺ کے وصفِ خاص کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا: وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ (۱۰۷) اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لیے۔

اس کے بعد سورہ حج کا آغاز ہو رہا ہے۔۔۔ سعد نے کہا۔

سورہ حج میں کیا بتایا گیا ہے؟ سعد بھائی! سعدیہ نے پوچھا۔

قیامت کی ہولناکی: سورہ حج کا آغاز قیامت کے ذکر سے ہو رہا ہے، اس کی مثال دی ”جس دن تم اسے دیکھو گے (تو یہ حالت ہو گی کہ) ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پیتے بچے کو بھول جائے گی“ ماں کے لیے تو اس کی اولاد کیا ہوتی ہے یہ سب ہی جانتے ہیں زلزلہ آ جائے یا طوفان آ جائے ماں اپنی جان کی پرواہ نہیں کرتی لیکن اپنے بچے کی پرواہ کرتی ہے لیکن قیامت کی ہولناکی اتنی سخت ترین ہے کہ ماں اپنے دودھ پیتے بچے کو بھول جائے گی۔ اور لوگ تم کو نشے کی حالت میں نظر آئیں گے حالانکہ وہ نشے میں

نہیں ہوں گے مگر اللہ کا عذاب بڑا سخت ہے، اس میں شک نہیں کرنا چاہئے، یہ آکر رہے گی۔"

**تخلیقِ انسان:** انسان کی تخلیق کے سات مراحل بیان کیے۔

(۱)مٹی (۲)قطرہ آب (۳)خون کالو تھڑا (۴)بوٹی (۵)بچہ (۶)جوان (۷)بوڑھا

چھ گروہ: ملت اور مذاہب کے اعتبار سے چھ گروہ کا ذکر کیا گیا:

**ملت اور مذاہب کے لحاظ سے چھ گروہ:** ملت اور مذہب کے اعتبار سے چھ گروہ کا تذکرہ کیا گیا (1) مسلمان، (2) یہودی، (3)صابی (ستارہ پرست)، (4)عیسائی، (5) مجوسی (سورج، چاند اور آگ کا پجاری)، (6) مشرک (بت پرست)

**حرمتِ کعبہ:** خانہ کعبہ کی حرمت کا بیان ہے کہ یہ گھر اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لئے تعمیر ہوا، اس میں لوگوں کو عبادت سے روکنا اور اس کی بے حرمتی کرنا اللہ تعالیٰ کے عذاب کو دعوت دینا ہے۔

**تعمیرِ کعبہ:** سب سے پہلے کعبہ کی تعمیر سیدنا آدم علیہ السلام نے فرمائی پھر طوفانِ نوح کے بعد دوبار سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے اس کی تعمیر اللہ کے حکم سے کی: اور جب کہ ہم نے ابراہیم کو اس گھر کا ٹھکانا ٹھیک بتادیا اور حکم دیا کہ میرا کوئی شریک نہ کر اور میرا گھر ستھرا رکھ طواف والوں اور اعتکاف والوں اور رکوع سجدے والوں کے لیے۔

**اعلانِ حج:** فرمایا: اور لوگوں میں حج کا عام اعلان کردو، وہ تمہارے پاس پیدل اور ہر دبلی اونٹنی پر (سوار ہوکر) آئیں گے جو ہر دور کی راہ سے آتی ہیں۔ تاکہ وہ اپنے فوائد پر حاضر ہو جائیں اور معلوم دنوں میں اللہ کے نام کو یاد کریں اس بات پر کہ اللہ نے انہیں

بے زبان مویشیوں سے رزق دیا تو تم ان سے کھاؤ اور مصیبت زدہ محتاج کو کھلاؤ۔

**قربانی:** اللہ کو خون اور گوشت نہیں پہنچتا مگر تمہاری دلی کیفیت اور پرہیز گاری پہنچتی ہے۔

**مومن کی علامات:** مومن کی چار علامات بیان کی گئیں۔

(۱) اللہ کا خوف،

(۲) مصائب پر صبر

(۳) نماز کی پابندی

(۴) نیک مصارف میں خرچ کرنا

**اللہ دوست نہیں رکھتا :** اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ (۳۸) بے شک اللہ دوست نہیں رکھتا ہر بڑے دغاباز ناشکرے کو۔

**کفارِ مکہ اور پچھلی امتوں کے احوال:** کفارِ مکہ کو پچھلی امتوں کے اَحوال سے ڈرایا گیا کہ جب انہوں نے ایمان کی دعوت قبول نہ کی وہ عذاب میں گرفتار ہو گئے۔

**نبی کریم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کو تسلی:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مسلمانوں کو اس بات پر تسلی دی گئی کہ وہ شیطان کی گمراہ کن باتوں سے نہ گھبرائیں کیونکہ وہ ہر نبی اور رسول کی دینی سرگرمیوں میں رخنہ اندازی کرتا رہا ہے اور اللہ تعالیٰ شیطان کی ہر سازش ناکام بنا دیتا ہے۔

**جہاد کا حکم:** کفارِ مکہ پندرہ سال تک مظلوم مسلمانوں پر ظلم و ستم کرتے رہے اس آیت میں ان کافروں سے جہاد کا حکم دیا جا رہا ہے اب اٹھو! اور ان کو بتا دو کہ چراغ اسلام پھونکوں سے نہیں بجھایا جا سکتا حق کا پرچم بلند کرو۔

دین کی مدد کا انعام: وَلَيَنْصُرَنَّ اللهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ: **اور بے شک اللہ تعالیٰ اس کی ضرور مدد فرمائے گا جو اس کے دین کی مدد کرے گا۔** اللہ تعالیٰ نے اپنا یہ وعدہ پورا فرمایا اور مہاجرین و اَنصار کو ظالم و سرکش کافر سرداروں پر غلبہ عطا فرمایا، ایران کے کسریٰ اور روم کے قیصر پر غلبہ عطا کیا اور ان کی سرزمین کا مسلمانوں کو وارث بنا دیا۔

مشرکین کو دعوت: اے لوگو! ایک مثال بیان کی گئی ہے تو اسے کان لگا کر سنو، بے شک اللہ کے سوا جن کی تم عبادت کرتے ہو وہ ہرگز ایک مکھی (بھی) پیدا نہیں کر سکیں گے اگرچہ سب اس کیلئے جمع ہو جائیں اور اگر مکھی ان سے کچھ چھین کر لے جائے تو اس سے چھڑا نہ سکیں گے۔ کتنا کمزور ہے چاہنے والا اور وہ جسے چاہا گیا۔

اہلِ ایمان سے کلام:

اے ایمان والو! رکوع اور سجدہ کرو

اور اپنے رب کی بندگی کرو

وَافْعَلُوا الْخَيْرَ اور بھلے کام کرو اس اُمید پر کہ تمہیں چھٹکارا ہو

اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا حق ہے جہاد کرنے کا

اور تم اور لوگوں پر گواہی دو

نماز برپا رکھو

اور زکوٰۃ دو

اور اللہ کی رسّی مضبوط تھام لو

اور سورت کے آخر میں فرمایا: وہ تمہارا مولیٰ ہے تو کیا ہی اچھا مولیٰ اور کیا ہی اچھا مددگار

الحمدللہ! آج 17 واں پارہ بھی مکمل ہوا اسعد نے اپنی نوٹ بک بند کرتے ہوئے کہا۔

الحمدللہ! سعدیہ نے مسکراتے ہوئے کہا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں خیر عطا فرمائے۔۔۔ خیر کی کثرت فرمائے اور خیر تقسیم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## آج ہم نے کیا سیکھا؟

1. احتساب کا دن قریب آچکا ہے غفلت سے بیدار ہونے کا وقت ہے۔
2. نبی کو اپنی مثل بشر کہنا یہ کفار کا طریقہ ہے
3. قرآن معجزہ رسول ﷺ ہے
4. یہ دنیا آزمائش ہے
5. ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے
6. برائی و بھلائی سے آزمائش کی جاتی ہے
7. مومن کی علامات: مومن کی چار علامات بیان کی گئیں۔

(۱) اللہ کا خوف،

(۲) مصائب پر صبر

(۳) نماز کی پابندی

(۴) نیک مصارف میں خرچ کرنا

8. اللہ دوست نہیں رکھتا ہر بڑے دغاباز ناشکرے کو۔

9. **اور بے شک اللہ تعالیٰ اس کی ضرور مدد فرمائے گا جو اس کے دین کی مدد کرے گا۔**

10. اہلِ ایمان سے کلام:

- اے ایمان والو! رکوع اور سجدہ کرو
- اور اپنے رب کی بندگی کرو
- وَافْعَلُوا الْخَيْرَ اور بھلے کام کرو اس اُمید پر کہ تمہیں چھٹکارا ہو
- اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا حق ہے جہاد کرنے کا
- اور تم اور لوگوں پر گواہی دو
- نماز برپا رکھو
- اور زکوٰۃ دو

اور اللہ کی رسّی مضبوط تھام لو

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں خیر عطا فرمائے۔۔۔۔ خیر کی کثرت فرمائے اور خیر تقسیم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

**آپ سے التماس ہے کہ میری اور میرے والدین کی مغفرت کی دعا ضرور کیجیے گا**

نوٹ: خلاصہ تراویح کے حوالے سے آپ براہ راست واٹس اپ نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں **+923322463260**

کیا آپ چاہتے ہیں آپ کے بچوں کی تربیت ہو؟۔۔۔اگر ہاں! تو یہ کتابیں بچوں کی تربیت کے لیے بہترین کتابیں ہیں۔۔۔۔روزہ کشائی میں بچوں کو یہ کتابیں دیجیے۔ اس رمضان ان کتب کو اپنے بچوں کو پڑھایئے۔۔۔ معتکفین میں تقسیم کیجیے۔

| کتاب | جلدیں | قیمت | خصوصی رعائیت<br>صرف رمضان تک |
|---|---|---|---|
| سنہری فہم القرآن | 4 | 1700 | **1500** |
| سنہری صحاح ستہ | 6 | 2300 | **2000** |
| سنہری سیرت النبی | 4 | 1700 | **1500** |
| یہ آفر صرف 30 رمضان تک کے لیے ہے گھر بیٹھے منگوانے کے لیے رابطہ کیجیے: **03082462723** | | | |

**الحمد للہ! یہ کتب انڈیا سے بھی شائع ہو چکی ہیں انڈیا میں مقیم مسلمان ان کتب کو حاصل کرنا چاہیں تو درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔**

**زبیر قادری: 919867934085+ دہلی، بمبئی**

**عتیق الرحمن 919096957863+ مالیگاؤں**